فوری ریلیز کے لیے: 2024/20/9 **گورنر KATHY HOCHUL**

ہفتۂ موسمیات سے قبل، گورنر HOCHUL کا ریاست بھر میں 17 منصوبوں کو شہری اور کمیونٹی جنگلات کے لیے $5.4 ملین کی اضافی گرانٹ سے نوازنے کا اعلان

مہنگائی میں کمی کے ایکٹ سے فنڈ کردہ ان منصوبوں میں نئے درخت لگائے جائیں گے اور غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں کمیونٹی جنگلات کے استحکام میں اضافہ کیا جائے گا

پودے لگانے کے منصوبے گورنر کے 'سنہ 2033 تک 25 ملین درخت' والے ہدف میں حصہ ڈالیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج مہنگائی میں کمی کے وفاقی ایکٹ (Federal Inflation Reduction Act, IRA) کے ذریعے مالی اعانت فراہم کردہ شہری اور کمیونٹی جنگلات کی گرانٹوں کے لیے $5.4 ملین کی اضافی گرانٹوں سے نوازنے کا اعلان کیا ہے۔ فنڈنگ 25 جولائی کو دیے گئے $7.1 ملین تک وسیع ہے، جس سے منصوبے کے متوقع نتائج اور رسائی میں اضافہ ہوتا ہے، اور نوازے جانے کی کل رقم $12.5 ملین تک پہنچ جاتی ہے۔ ایوارڈز گورنر Hochul کے سنہ 2033 تک 25 ملین درخت لگانے، صاف پانی، صاف ہوا اور گرین جابز ماحولیاتی بانڈ ایکٹ کے ذریعے حالیہ وعدوں، اور درختوں کی چھتری کو بڑھانے اور سبز تر، صحت مند کمیونٹیز کاشت کرنے کے لیے نیو یارک ریاست کی دیگر سرمایہ کاری کی کفالت کرنے کے سنہ 2024 کے ریاستی خطاب میں بیان کردہ پہل کاریوں کی معاونت کرتے ہیں۔

گورنر Hochul نے کہا، "کمیونٹی کے سبزہ زاروں میں سرمایہ کاری ہمارے شہروں اور قصبوں کو نئی زندگی دینے، اور نیویارک کے تمام لوگوں کے لیے ایک پائیدار، لچکدار مستقبل کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ سرمایہ کاری ہماری ریاست کے ہر کونے میں صاف ہوا اور پانی فراہم کرنے میں مدد دے گی، اور ہمیں اپنے موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے کے قریب لے جائے گی"۔

فنڈ کردہ منصوبے مقامی حکومتوں، غیر منفعتی تنظیموں، اور کمیونٹی گروپس کے درمیان ایک مشترکہ کوشش کی نمائندگی کر رہے ہیں جسکے تحت موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے بڑھتے ہوئے طوفانوں اور شدید گرمی کے پیش نظر زیادہ مساوی اور لچکدار شہری جنگلات کی تشکیل کی جائے گی۔ منصوبے پسماندہ کمیونٹیز پر مرکوز ہیں اور ان میں درخت لگانے اور ان کی حفاظت کرنے کی کوششوں میں عوام کے ساتھ مشغول ہونے، اور عوامی کھلے مقامات اور سڑکوں کے ساتھ ساتھ درختوں کی چھتریوں کو بڑھانے کے اقدامات شامل ہیں۔ یہ کوششیں گورنر Hochul کے وسیع تر تحفظ اور ماحولیاتی ایجنڈے کے ساتھ مطابقت رکھتی ہیں، بشمول موجودہ کھلی جگہوں اور زمین کے تحفظ کے اہداف کو بڑھانا، ریاست کے پُرعزم موسمیاتی اہداف کی حمایت کرنا، اور ریاست بھر میں ماحولیاتی انصاف کو آگے بڑھانا۔

گرانٹوں کا انتظام ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) کے شہری اور کمیونٹی جنگلات پروگرام کے ذریعے کیا جاتا ہے، جو درختوں کی اہمیت کے بارے میں عوامی بیداری بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے اور کمیونٹیز کو صحت مند جنگلات بنانے میں مدد کرتا ہے جبکہ رہائشیوں کے لیے معیار زندگی کو بہتر بناتا ہے۔

اس گرانٹ کے لیے فنڈنگ امریکی محکمۂ زراعت (U.S. Department of Agriculture, USDA) کی فارسٹ سروس کی جانب سے مہنگائی میں کمی کے قانون (Inflation Reduction Act, IRA) کے تحت ریاستی تخصیص کے ذریعے دستیاب کی گئی ہے۔ USDA فاریسٹ سروس یہ فنڈنگ پسماندہ کمیونٹیز میں کام کرنے والے منصوبوں کی حمایت کے لیے مختص کر رہی ہے تاکہ شہری درختوں کا ایک صحت مندانہ محیط پیدا کیا جائے اور درختوں تک مساوی رسائی دے کر ان سے ملنے والے فوائد کو برقرار رکھا جائے۔ فاریسٹ سروس کا شہری اور کمیونٹی جنگلات پروگرام (Urban and Community Forestry Program) سرگرمیوں کی ایک وسیع رینج کے لیے فنڈنگ دینے کی اجازت دیتا ہے، مثلاً شہری جنگلات کا استعمال، شہری خوراک پیدا کرنے والے جنگلات، شدید گرمی میں کمی کرنا، اور افرادی قوت کی ترقی کے لئے کام کرنا وغیرہ۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا، "شہری درخت ہمارے شہروں میں صرف فطرتی لمس سے بڑھ کر ہیں- وہ شدید گرمی کو کم کرنے، ہوا کے معیار کو بہتر بنانے اور صحت عامہ میں مدد کرتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں اور دیگر ماحولیاتی چیلنجز سے متاثر ہونے والے علاقوں میں سبز جگہوں کو بڑھا کر، ہم نیو یارک کے تمام شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بناتے ہوئے گلیوں اور گھروں کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔ درخت ہمارے شہری مناظر کا ایک لازمی حصہ ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے میراث چھوڑتے ہیں"۔

ریاست نیو یارک 22 سے 29 ستمبر 2024 تک 16واں سالانہ موسمیاتی ہفتہ منا رہی ہے۔ اس اعلامیہ میں شامل پراجیکٹس گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے، کمیونٹیز کو مزید طاقتور اور مستحکم بنانے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور ماحولیاتی انصاف کو فروغ دینے، صاف توانائی پر منتقلی کے جزو کے طور پر سستی توانائی یقینی بنانے، اور آنے والی نسلوں کے لیے نئی ملازمتیں اور مواقع پیدا کرنے کے لیے نیویارک کے عزم صمیم میں ہاتھ بٹا رہے ہیں۔

اضافی فنڈنگ حاصل کرنے والے 17 انعام یافتہ منصوبے ذیل میں خطے کے لحاظ سے درج ہیں:

Capital Region

Albany County

- سٹی آف البانی محکمۂ خدماتِ عامہ: اضافی $456,705، جس سے کل رقم $876,965 بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Greene County

- ویلیج آف ایتھنز: اضافی $237,335، جس سے کل رقم $577,968 بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Rensselaer County

- سٹی آف ٹرائے: اضافی $64,800، جس سے کل رقم $382,400 بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Central New York

Onondaga County

- سٹی آف سیراکیوز: اضافی $414,858، جس سے کل رقم $910,141 بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Finger Lakes

Genesee County

- سٹی آف باٹاویہ: اضافی $306,218، جس سے کُل رقم $758,950 بن جاتی ہے؛ پسماندہ کمیونٹیز میں ایش ٹری مینجمنٹ

Monroe County

- سٹی آف راچسٹر: اضافی 399,250$، جس سے کُل رقم 598,875$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Mid-Hudson Valley

Ulster County

- سٹی آف کنگسٹن: اضافی 240,824$، جس سے کُل رقم 732,375$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Westchester

- سٹی آف نیو روشیل: اضافی 6,600$، جس سے کُل رقم 41,600$ بن جاتی ہے؛ پسماندہ کمیونٹیز میں ایش ٹری مینجمنٹ

New York City

The Bronx

- ووڈ لان کنزرویٹری انکارپوریشن: اضافی 727,962$، جس سے کُل رقم 1,201,354$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد
- نیچرل ایریاز کنزروینسی انکارپوریشن: اضافی 467,510$، جس سے کُل رقم 862,168$ بن جاتی ہے؛ پسماندہ کمیونٹیز میں ایش ٹری مینجمنٹ

Brooklyn

- بِگ انیشی ایٹوز انکارپوریٹڈ: اضافی 843,709$، جس سے کُل رقم 1,251,166$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فاریسٹ منیجمنٹ پلان پر عمل درآمد – گلیوں میں لگے درختوں کی حفاظت
- دی ایورگرینز سیمیٹری پرزرویشن فاؤنڈیشن: اضافی 415,000$، جس سے کُل رقم 915,000$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Manhattan

- گرین ووڈ سیمیٹری: اضافی 100,000$، جس سے کُل رقم 598,035$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد
- رینڈلز آئی لینڈ پارک الائنس انکارپوریشن: اضافی 353,520$، جس سے کُل رقم 851,262$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

North Country

Clinton County

- کلنٹن کاؤنٹی کا مٹی اور پانی کے تحفظ کا ضلع: اضافی 231,325$، جس سے کُل رقم 460,947$ بن جاتی ہے؛ پسماندہ کمیونٹیز میں ایش ٹری مینجمنٹ

Jefferson County

- سٹی آف واٹر ٹاؤن: اضافی 150,000$، جس سے کُل رقم 550,000$ بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

Western New York

Chautauqua County

- سٹی آف ڈنکرک: اضافی $35,867، جس سے کُل رقم $158,313 بن جاتی ہے؛ کمیونٹی فارسٹ مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد

سینیٹ کے اکثریتی رہنماء Charles Schumer نے کہا، "نیو یارک والو، اپنے بیلچے نکالو اور مزید نئے درخت لگانے کے لیے تیار ہو جاؤ کیونکہ اس موسم گرما کے شروع میں ہمارے اعلان کردہ $7 ملین سے زائد کے علاوہ، $5 ملین سے زائد، البانی سے کنگسٹن تک اور مزید شہری جنگلات بنانے کے لیے آ رہا ہے! میں نے اس فنڈنگ کو مہنگائی میں کمی کے ایکٹ میں لگانے کے لیے سخت جدوجہد کی تاکہ نیو یارک بھر کے شہروں کو اس فنڈنگ تک رسائی حاصل ہو سکے جس کی انہیں ہمارے انتہائی غیر محفوظ علاقوں میں نئی روح پھونکنے کے لیے طویل عرصے سے ضرورت تھی۔ زیادہ درختوں کا مطلب صاف ستھری، سرسبز اور زیادہ ٹھنڈی کمیونٹیز ہے۔ میں گورنر Hochul کی شراکت داری کے لیے انکا شکر گزار ہوں جس سے یہ امر یقینی بن رہا ہے کہ یہ وفاقی ڈالرز نیویارک کے ٹھنڈے اور سرسبز مستقبل کی تعمیر کے لیے بہت اچھی طرح استعمال میں لائے جائیں گے۔"

نمائندہ Paul Tonko نے کہا، "ہمارے مہنگائی میں کمی کے ایکٹ کی بدولت، ہم یہاں دارالحکومتی علاقے اور ریاست نیو یارک میں کمیونٹیز تک براہِ راست اہم وسائل کی فراہمی کے لیے کارروائی کر رہے ہیں۔ وفاقی مالی اعانت کا یہ اہم نفوذ درخت لگانے، چھتریوں کے احاطے کو بڑھانے، اور زیادہ لچکدار شہری جنگلات کی تعمیر میں مدد دے گا – یہ سب کچھ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور ماحولیاتی انصاف کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ ہو گا۔ جبکہ ہم IRA کی کامیابیوں کو آگے بڑھا رہے ہیں، میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوں کہ ہماری تاریخی قانون سازی کے فوائد گھر پر ہی جڑ پکڑ رہے ہیں"۔

نمائندہ Pat Ryan نے کہا، "ایک فروغ پزیر شہر کا درختوں سے ڈھکا ہوا ہونا ایک مکمل ضرورت ہے اور یہ تاریخی سرمایہ کاری چھتریوں کے احاطہ میں اضافہ کرے گی، آب و ہوا کی لچک کو بہتر بنائے گی، اور راستے میں اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرے گی۔ مجھے فخر ہے کہ یہ $240,824 مہنگائی میں کمی کے تاریخی قانون سے $528,600 میں شامل ہو جائے گا جو میں نے گزشتہ سال کنگسٹن کے شہری جنگلات کے پروگرام کے لیے دیا تھا۔ میں حکومت کی ہر سطح پر حکام کے ساتھ کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں کیونکہ ہم ہڈسن ویلی کو آنے والی نسلوں کے لیے ایک پائیدار اور متحرک گھر بنا رہے ہیں"۔

نیو یارک کے موسمیاتی اہداف کو مزید آگے بڑھانے کے لیے، گورنر Hochul کے سنہ 2024 کے سالانہ ریاستی خطاب نے سنہ 2033 تک ریاست بھر میں 25 ملین درخت لگانے کا ایک ہدف قائم کیا تھا - صاف پانی، صاف ہوا اور گرین جابز موسمیاتی بانڈ ایکٹ اور مالی سال 25 کے نافذ کردہ بجٹ سے کفالت کردہ $47 ملین کی کوشش۔ ہدف میونسپلٹیوں کو کئی برسوں پر محیط سالانہ گرانٹس کے ذریعے ریاست کی درخت لگانے کی کوششوں کو تقویت بخشے گا تاکہ جنگلات کی بحالی اور شہری جنگلات کی تعداد بڑھانے کی خاطر مزید درخت لگائے جائیں، DEC کی Colonel William F. Fox Memorial Saratoga Tree Nursery کو جدید تر بنایا جائے اور ماحولیاتی ذمہ داروں کی اگلی نسل کو اس عمل میں پوری طرح شامل کیا جائے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں